Directorate Of Education GNCT Of Delhi

Practice Question Paper

Session : 2024-25

Class : X

Subject : Urdu A

Code : 003

Time : 3 Hrs. Max Marks : 80

## Section A (حصّہ الف)

سوال نمبر1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (5x1=5)

انفارمیشن ٹیکنالوجی انگریزی زبان کا لفظ ہے۔اپنی زبان میں ہم اسے 'فن مہارت کی آگاہی یا تجسس' کہتے ہیں۔قدیم انسان اگرچہ کسی فن یا مہارت سے بے بہرہ تھا لیکن وہ بھی اپنی سطح کے ہر کام کے لیے نئی راہیں تلاش کرتا تھا۔چقماق کے دو ٹکڑوں کی رگڑ سے اس نے آگ پیدا کرنا سیکھ لیا۔ گول پتھر کو ڈھلان سے لڑھکتے ہوئے دیکھ کر اس نے سوچا کہ وہ بھی اس تیز رفتار گول پتھر کی طرح کوئی چیز ایسی وجود میں لائے جس سے وہ استفادہ کر سکے۔تو نتیجے میں وہ پہیہ کا موجد بنا۔اس طرح اس کے ذہن میں ایک حرکت پیدا ہوئی اور ترقی کی نئی راہیں تلاش کرنے لگا۔یہی ذہنی حرکت اس کو اس موڑ پر لائی کہ وہ دستکاری اور اس کے بعد 'مشینی عہد' میں پہنچ گیا۔اب اس کا تجسس بڑھ گیا اور وہ دن رات نئی نئی ایجادات کے بارے میں سوچنے لگا۔کاغذ اور چھاپہ خانے کی ایجاد نے اس کے ذہن میں ایک نیا انقلاب پیدا کیا اور اس ایجاد نے انسان کو پوری دنیا سے باخبر رہنے اور اپنی بات کو دوسروں تک پہنچانے کا وسیلہ فراہم کیا۔

(i) انفارمیشن ٹیکنالوجی کس زبان کا لفظ ہے؟

(a)۔ ہندی زبان کا (b)۔انگریزی زبان کا (c)۔ اردو زبان کا (d)۔ترکی زبان کا

(ii) قدیم انسان اپنی سطح کے ہر کام کے لیے کیا تلاش کرتا تھا؟

(a)۔نئی راہیں (b)۔ پرانی راہیں (c)۔کھلی راہیں (d)۔ ٹیڑھی راہیں

(iii) انسان کس چیز سے استفادہ کر کے پہیئے کا موجد بنا؟

(iv) چقماق کے دو ٹکڑوں کی رگڑ سے اس نے کیا پیدا کرنا سیکھا؟

(v) کاغذ اور چھاپہ خانہ کی ایجاد نے ان کے ذہن میں کیا پیدا کیا؟

سوال نمبر۔2 مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (5x1=5)

چاہتے ہیں تجھ کو کرتے ہیں پیار — کچھ پتہ اس کا بتا اے دوست دار

اس سے پودے نے کہا یوں سر ہلا — گھاس! سب بے جا ہے یہ تیرا گلا

مجھ میں اور تجھ میں نہیں کچھ بھی تمیز — صرف سایہ اور میوہ ہے عزیز

فائدہ اک روز مجھ سے پائیں گے — سایے میں بیٹھیں گے اور پھل کھائیں گے

ہے یہاں عزّت کا سہرا اس کے سر　　　　جس سے پہنچے نفع سب کو بیشتر

(i) لوگ کس کے سایے میں بیٹھیں گے اور پھل کھائیں گے؟

(a)۔گھاس کے　　(b)۔پہاڑ کے　　(c)۔پودے کے　　(d)۔دیوار کے

(ii) کس نے کہا کہ مجھ میں اور تجھ میں فرق نہیں ہے؟

(a)۔گھاس نے　　(b)۔پہاڑ نے　　(c)۔گلہری نے　　(d)۔پودے نے

(iii) یہاں عزّت کا سہرا کس کے سر پر ہوتا ہے؟

(iv) پودے نے کس سے کہا کہ تیرا اگلا بے جا ہے؟

(v) سب لوگ کس کو چاہتے اور پیار کرتے ہیں؟

سوال نمبر۔3　مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔　(5x1=5)

یہ تو بھولا ہی جانتا ہوگا کہ اس نے دوپہر کے آنے کا کتنا انتظار کیا۔ بھولا کو اس بات کا علم تھا کہ بابا جی کے کہانی سنانے کا وقت وہی ہوتا ہے جب وہ کھانا کھا کر اس پلنگ پر لیٹتے ہیں جس پر وہ بابا جی یا ماتا جی کی مدد کے بغیر نہیں چڑھ سکتا تھا۔ چنانچہ وقت سے آدھ گھنٹے پیشتر ہی اس نے کھانا نکلوانے پر اصرار شروع کر دیا۔ میرے کھانے کے لیے نہیں بلکہ اپنی کہانی سننے کے چاؤ سے۔ میں نے معمول سے آدھ گھنٹے پہلے کھانا کھایا۔ ابھی آخری نوالہ میں نے توڑا ہی تھا کہ پٹواری نے دروازے پر دستک دی۔ اس کے ہاتھ میں ہلکی سی ایک جریب تھی، اس نے کہا کہ خانقاہ والے کنویں پر آپ کی زمین کو ناپنے کے لیے مجھے آج ہی فرصت مل سکتی ہے، پھر نہیں۔ دالان کی طرف نظر دوڑائی تو میں نے دیکھا کہ بھولا چارپائی کے چاروں طرف گھوم کر بستر بچھا رہا تھا۔ بستر بچھانے کے بعد اس نے ایک بڑا سا تکیہ بھی ایک طرف رکھ دیا اور پائینتی پر پاؤں اڑا کر چارپائی پر چڑھنے کی کوشش کرنے لگا۔ اگرچہ بھولے کا اصرار مجھے جلد روٹی کھلانا اور بستر بچھا کر میری تواضع کرنا اپنی خودغرضی پر مبنی تھا، تاہم میرے خیال میں آیا........ ’آخر مایا کا بیٹا ہی ہے نا.......... ایشور اس کی عمر دراز کرے۔‘

(i) اس سبق کے مصنّف کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(a)۔سیّد عابد حسین　　(b)۔محمّد مجیب　　(c)۔سعادت حسن منٹو　　(d)۔راجندر سنگھ بیدی

(ii) دیا گیا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a)۔سرسیّد کا بچپن　　(b)۔نیا قانون　　(c)۔بھولا　　(d)۔عورتوں کے حقوق

(iii) بھولا نے کس کے آنے کا انتظار کیا؟

(iv) بھولا نے کھانا جلدی نکلوانے کے لیے کیوں اصرار کیا؟

(v) لفظ ’اصرار‘ کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر4۔درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔　(5x1=5)

سر میں شوق کا سودا دیکھا　　دہلی کو ہم نے بھی جا دیکھا
جو کچھ دیکھا اچھا دیکھا　　کیا بتلائیں کیا کیا دیکھا
جمنا جی کے پاٹ کو دیکھا　　اچھے ستھرے گھاٹ کو دیکھا
سب سے اونچے لاٹ کو دیکھا　　حضرت ڈیوک کناٹ کو دیکھا

پلٹن اور رسالے دیکھے     گورے دیکھے کالے دیکھے

سنگینیں اور بھالے دیکھے     بینڈ بجانے والے دیکھے

(i) درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

(a)۔حقیقت حسن    (b)۔جلوۂ دربار دہلی    (c)۔گرمی اور دیہاتی بازار    (d)۔او دیس سے آنے والے بتا

(ii) پلٹن اور رسالے کا کیا مطلب ہے؟

(a)۔لوگ    (b)۔جانور    (c)۔فوج    (d)۔کتاب

(iii) اس نظم میں شاعر کس جگہ کا ذکر کر رہا ہے؟

(iv) لوگوں کو کیا دیکھنے کا جنون تھا؟

(v) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کا نام کیا ہے؟

## Section B (حصّہ ب)

سوال نمبر5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300-250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (1x10=10)

(1) گلوبل وارمنگ: ایک خطرہ

(2) بے روزگاری

(3) ذرائع ابلاغ

سوال نمبر6۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام کھیل کا سامان منگوانے کے لیے درخواست لکھیے۔ (1x4=4)

یا

اپنے دوست کو خط لکھ کر بہن کی شادی میں شرکت کے لیے دعوت دیجیے۔

سوال نمبر7۔ محمّد مجیب کی سوانح حیات اور ادبی خدمات تحریر کیجیے۔ (1x4=4)

یا

افسانہ ''نیا قانون'' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر8۔ اصغر گونڈوی کے حالات زندگی اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔ (1x3=3)

یا

نظم ''گرمی اور دیہاتی بازار'' کا مرکزی خیال لکھیے

سوال نمبر9۔ افسانہ 'آئی۔سی۔ایس' یا 'گلی ڈنڈا' میں سے آپ کس سے زیادہ متاثر ہیں، لکھیے۔ (1x4=4)

یا

جگر صاحب کی شخصیت کے کس پہلو سے آپ متاثر ہوئے، بیان کیجیے۔

## Section C (حصّہ ج)

سوال نمبر10۔ (i) فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف مع مثال دیجیے۔ (1x2=2)

(ii) فعل متعدی کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1x2=2)

(iii) وہ فعل جس کا اثر فاعل تک محدود رہے مفعول پر اثر نہ ڈالے کیا کہلاتا ہے؟ (1x1=1)

(a)۔فعل لازم (b)۔فعل متعدی (c)۔فعل معروف (d)۔فعل مجہول

سوال نمبر11۔ (i) حسن تعلیل کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1x2=2)

(ii) لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے

اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

اس شعر میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟ (1x1=1)

(a)۔صنعت تلمیح (b)۔صنعت تضاد (c)۔صنعت تشبیہ (d)۔صنعت استعارہ

(iii) کنایہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1x2=2)

سوال نمبر12۔ (i) درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے کوئی چار کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (1x4=4)

نزلہ گرنا۔ تیرنا کون سکھائے۔ پاؤں تلے زمین نکلنا۔ اپنا الّو سیدھا کرنا۔ سبز باغ دکھانا۔ خون کھولنا

(ii) 'ثبت کرنا' کے کیا معنی ہیں۔ (1x1=1)

(a)۔آرام کرنا (b)۔خوشی منانا (c)۔حیران کرنا (d)۔نشان بنانا

سوال نمبر13۔ (i) 'سکتہ' علامت کی نشان دہی کیجیے۔ (2x1=2)

(a)۔ '؟' (b)۔ '۔' (c)۔ '،' (d)۔ '!'

(ii) وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگاتے ہیں۔۔۔۔۔۔کہلاتا ہے؟

(a)۔واوین (b)۔وقفہ (c)۔رابطہ (d)۔ختمہ

سوال نمبر14۔ (i) ایسی نظم جس میں بحر کے استعمال اور قافیوں کی ترکیب میں مقرّرہ اصولوں کی پابندی کی گئی ہو،۔۔۔۔کہلاتی ہے؟ (3x1=3)

(a)۔پابند نظم (b)۔نظم معرّا (c)۔آزاد نظم (d)۔نثری نظم

(ii) غزل کے آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلّص استعمال کرتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(a)۔ردیف (b)۔قافیہ (c)۔مقطع (d)۔مطلع

(iii) دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے

موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے۔

اس شعر میں ردیف ہے۔

(a)۔ہے (b)۔سستی (c)۔مہنگی، سستی (d)۔ہستی

## Section D (حصّہ د)

سوال نمبر15۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) بھولا کہاں چلا گیا تھا اور کیوں؟

(ii) نیا قانون کے آنے کی خبر سے منگو کوچوان کیوں خوش تھا؟

(iii) سرسیّد کے نانا کے یہاں دسترخوان کے آداب کیا تھے؟

(iv) رام سہائے مل کے دروازے پر سپاہی آئے تو اس نے کیوں کہا کہ میرے پاس امان کا پروانہ ہے؟

سوال نمبر16۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) شاعر خالی ظرف کی صدا سے کیا سمجھانا چاہتا ہے؟

(ii) شاعر نے دل کو نرالی بستی کیوں کہا ہے؟

(iii) لؤ کو روح فرسا کیوں کہا گیا ہے؟

سوال نمبر17۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) مصنّف کو یہ احساس کیوں کر ہوا کہ گیا اس سے جان بوجھ کر ہار رہا ہے؟

(ii) مصنّف نے جب فقیر کو نوکری کی پیشکش کی تو اس نے کیا تنخواہ مانگی اور کیوں؟

(iii) تانگے والے کو گورے نے کیوں مارا؟

(iv) مصنّف نے کہانی 'ان داتا' کے آخری حصّے میں کال کا ذمہ دار کسے ٹھہرایا اور کیوں؟

سوال نمبر18۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ (1x3=3)

افسانہ۔ نظم ۔ خاکہ

☆☆☆